## ۱۰۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری کی شکل میں منتقلی:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) اپنے لیٹر نمبر ۶۴۰-۶۳۹-۲۰۱۶/CSD/ED/Misc مورخہ ۲۶ مارچ ،۲۰۲۱ کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کی شرائط کی پابندی کی ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شکل میں جاری کردہ شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کریں۔ ایک لسٹڈ کمپنی کے طور پر پاکستان کیبلز لمیٹڈ ('' کمپنی'') کے لئے بھی مذکورہ بالا ایکٹ کی شرائط کی لازمی ہے۔ لہٰذا فزیکل فولیوز/شیئرز سرٹیفکیٹس رکھنے والے پاکستان کیبلز لمیٹڈ کے شیئرز ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری کی شکل میں منتقل کروائیں۔ شیئرز ہولڈرز CDC اکاؤنٹ کھلوانے اور بعد از اں فزیکل شیئرز کو بک انٹری کی شکل کروانے میں مدد کے لئے اپنے بروکر، PSX ممبر، CDC پارٹیسپینٹ یا CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

یہ عمل شیئرز ہولڈرز کے لئے کئی لحاظ سے فائدہ مند ہوگا جس میں شیئرز کی محفوظ تحویل، شیئرز گم نہ ہونا، متبادل شیئرز کے اجرا کے تقاضوں سے بچنا اور اوپن مارکیٹ میں بہتر قیمت پر خرید وفروخت کے لئے شیئرز کا فوری دستیاب ہونا شامل ہے۔ پاکستان کیبلز لمیٹڈ ('' کمپنی'') کے فزیکل شیئرز ہولڈرز اپنے شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کروانے کے لئے کمپنی کے شیئرز رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ، سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، CDC ہاؤس، ۹۹ - B، بلاک S.M.C.H.S،B شاہراہ فیصل، کراچی ۔۷۴۴00 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن (۳)۱۳۴ کے تحت بیان

اس بیان میں کمپنی کا سالانہ اجلاس عام (''AGM'') مؤرخہ ۲۶ ستمبر، ۲۰۲۳ء کے دوران زیر بحث لائے جانے والے خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کا احاطہ کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹرز نے ۲۵ اگست ۲۰۲۳ کو ہونے والے اپنے اجلاس میں شیئرز ہولڈرز سے مندرجہ ذیل خصوصی قرار دادیں منظور کرنے کی سفارش کی ہے۔

### ایجنڈا آئیٹم ۵: کمپنی کے آتھورائزڈ کیپٹل میں اضافہ اور اس سلسلے میں میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں ترمیم۔

سال ۲۰۲۳-۲۰۲۲ کے دوران بونس حصص کی تقسیم نے کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں بیان کردہ مجاز حصص کا سرمایہ تقریباً ختم کر دیا ہے۔ لچک کو برقرار رکھنے اور بونس حصص اور/یا ایکوٹی انجیکشن کے مزید اجراء میں سہولت فراہم کرنے کے لیے، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے مجاز حصص کا سرمایہ کو500,000,000 روپے (پانچ سوملین) سے بڑھا کر1,000,000,000 (ایک بلین) کرنے کی سفارش کی ہیں اور اس اضافہ کے نتیجہ میں کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں کی شق ۵ میں ضروری ترامیم کرنا۔ اس مقصد کے لئے اس اجلاس میں ایک خصوصی قرارداد پر غور اور منظوری کی ضرورت ہے۔

میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی ایک کاپی کو کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں رکھی گی ہے، اور اس نوٹس کی اشاعت کی تاریخ سے لے کر جنرل میٹنگ کے اختتام تک اگر کوئی اسے دیکھنا چاہے تو دفتری اوقات اسکا معائنہ کیا جاسکتا ہے۔

ان خصوصی امور میں کمپنی کے کسی ڈائریکٹر کی بلواسطہ یا بلاواسطہ کوئی دلچسپی نہیں ہے سوائے کمپنی کے ڈائریکٹر اور شیئرز ہولڈر ہونے کے۔

### ایجنڈا آئیٹم ۶: کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 125 کا متبادل۔

آرٹیکل 125 کی موجودہ شق کے لئے ذخائر کی سرمایہ کاری کے لئے عام اجلاس میں ارکان کی منظوری کی ضرورت ہوتی ہے۔ موجودہ شق جس میں ذخائر کی سرمایہ کاری کے لئے عام اجلاس میں ارکان کی منظوری کی ضرورت ہوتی ہے اس پر نظر ثانی کی جانی چاہئے۔ فی الحال، ذخائر کی سرمایہ کاری کے لئے اراکین سے منظوری حاصل کرنا ایک وقت طلب اور مہنگا عمل ہے۔ اس سے نمٹنے کے لئے کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 125 میں ترمیم کرنے کی تجویز ہے۔ موجودہ ترمیم بورڈ آف ڈائریکٹرز کو ذخائر کی سرمایہ کاری کے بارے میں فیصلے کرنے کا اختیار دے گی۔

میمورینڈم اینڈ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کی ایک کاپی کو کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں رکھی گی ہے، اور اس نوٹس کی اشاعت کی تاریخ سے لے کر جنرل میٹنگ کے اختتام تک اگر کوئی اسے دیکھنا چاہے تو دفتری اوقات اسکا معائنہ کیا جاسکتا ہے۔

ان خصوصی امور میں کمپنی کے کسی ڈائریکٹر کی بلواسطہ یا بلاواسطہ کوئی دلچسپی نہیں ہے سوائے کمپنی کے ڈائریکٹر اور شیئرز ہولڈر ہونے کے۔

۴) ای ووٹنگ (E-Voting) لائن ۲۱ ستمبر ۲۰۲۳ء کو صبح ۹:۰۰ بجے سے شروع ہوگی مورخہ ۲۵ ستمبر ۲۰۲۳ء کو شام ۵:۰۰ بجے تک بند ہوگی۔ ممبران اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکیں گے۔ ایک بار جب کسی ممبر کی طرف سے قراردادوں پر ووٹ ڈال دیا جاتا ہے تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

### B. پوسٹل بیلٹ (Postal Ballot) کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (''CNIC'') کی کاپی کے ہمراہ باقاعدہ بھرے گئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کو بنام چیئرمین، پاکستان کیبلز لیمیٹڈ، B-21، S.I.T.E. کراچی، یا ای میل کے ذریعے chairman.pcl@pakistancables.com پر کمپنی کو سالانہ جنرل اجلاس عام سے ایک دن قبل مورخہ ۲۵ ستمبر ۲۰۲۳ء کو (کاروباری اوقات) میں جمع کرائیں، پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC/پاسپورٹ (غیر ملکی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

### ۶۔ درست شناختی کارڈ/ این ٹی این کی کاپی جمع کرانا (لازمی)

ایسے اراکین جنہوں نے کمپنی/شیئر رجسٹرار کو اپنے جائز شناختی کارڈ کی نقل ابھی تک جمع نہیں کروائی ہے، کو ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ اپنی پہلی فرصت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار بنام سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، CDC ہاؤس، ۹۹ - B، بلاک S.M.C.H.S،B شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، کو ارسال کردیں۔ کاروباری اداروں کو درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔ برائے مہربانی CNIC کی نقل/ NTN تفصیلات کے ہمراہ اپنا فولیو نمبر فراہم کریں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے مؤرخہ ۱۸ اگست ۲۰۱۱ء کے مراسلہ نمبر SRO799(I) اور مؤرخہ ۰۵ جولائی ۲۰۱۲ء کے مراسلہ نمبر SRO831(I)۲۰۱۲ کے تحت ایک حوالہ بھیجا گیا جس کے تحت منافع منقسمہ کی اطلاع میں رجسٹرڈ رکن یا مجاز فرد کا CNIC نمبر موجود ہونا چاہئے ماسوائے کم سن افراد اور کارپوریٹ اراکین کے۔ جائز CNIC کی نقل وصول نہ ہونے کی صورت میں SECP کے مذکورہ SROs کی تعمیل میں حصص داران کو منافع منقسمہ منتقل نہیں کیا جائے گا۔

### ۷۔ پتہ میں تبدیلی کی اطلاع اور زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا حلف نامہ (CZ۵۰):

حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتہ میں تبدیلی، زکوٰۃ اعلامیہ اور ٹیکس سے استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ (اگر موجود ہے) سے متعلق کمپنی کے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، CDC ہاؤس، ۹۹ - B، بلاک S.M.C.H.S،B شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، کو فوری آگاہ کریں۔ مزید یاد رہے کہ زکوٰۃ اور عشر قوانین کے تحت حصص کی ادا شدہ قیمت کے ۲.۵ فیصد کی شرح سے منافع منقسمہ سے زکوٰۃ کی کٹوتی ہوگی اور متعلقہ اتھارٹی کو مخصوص مدت میں جمع کرائی جائے گی۔ اگر آپ استثنیٰ کا دعویٰ کرنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی اپنے بروکر/ CDC / کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس ۱۹۸۰ء اور زکوٰۃ (کٹوتی اور واپسی) قواعد ۱۹۸۱ء کے تحت اپنا زکوٰۃ ڈیکلیئریشن فارم CZ-۵۰ جمع کرائیں۔

### ۸۔ سالانہ رپورٹ کی برقی منتقلی:

SECP اپنے مؤرخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے ایس آر او نمبر ۳۸۹ (آئی)/ ۲۰۲۳ء کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ اور منافع و نقصان اکاؤنٹ، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ ("سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات") ویب لنک اور کیو آر فعال کوڈ کے ذریعے ترسیل کی اجازت دیتی ہے۔ تاہم، کوئی بھی شیئر ہولڈر کمپنی سیکٹری کو تحریری طور پر درخواست کر سکتا ہے کہ اس کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ رپورٹ کی کاپی مفت فراہم کی جائے۔ ایسے اراکین جو یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کو درخواست کی جاتی ہے وہ اپنے مکمل طور پر پُر درخواست فارم ہمارے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، CDC ہاؤس، ۹۹ - B، بلاک S.M.C.H.S،B شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو جمع کرائیں۔

### ۹۔ منافع منقسمہ کی برقی ترسیل:

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کی ضروریات کے تحت نقد منافع منقسمہ اہل حصص داران کے مقررہ بینک اکاؤنٹ میں بذریعہ برقی طریقہ کار ہی ادا کیا جائے گا۔ حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے منافع منقسمہ کی منتقلی کے لئے مقرر کئے گئے اکاؤنٹ کی تفصیلات بمعہ اپنا فولیو نمبر، نام، بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات بشمول نام بینک و برانچ، برانچ کوڈ، اکاؤنٹ نمبر، اکاؤنٹ ٹائٹل اور IBAN فراہم کریں۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر https://www.pakistancables.com/media/21207/update-of-iban-no-for-e-dividend-urdu.pdf ایک معیاری فارم بھی اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ یہ تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، CDC ہاؤس، ۹۹ - B، بلاک B، S.M.C.H.S. شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، اور/ یا اپنے بروکر/ شراکت دار/ CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کر دی گئی ہیں ناکامی کی صورت میں کمپنی آپ کے منافع منقسمہ کی ادائیگی پر عمل درآمد نہ کر سکے گی۔

(ii) کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ بمعہ نمونہ کے دستخط اور نامزد کے موثر CNIC کی مصدقہ نقل (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگی۔

## B. پراکسیز کی تقرری کے لئے:

(i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہوں کو اپنا پراکسی فارم مذکورہ بالا معیار کے مطابق جمع کرانا ہوگا۔

(ii) دو افراد پراکسی فارم کی شہادت دیں گے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) بنی فیشل اونرز اور پراکسی کے پاسپورٹ یا CNIC کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائی جائیں گی۔

(iv) پراکسی AGM کے موقع پر اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرے گا/گی۔

(v) کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ بمعہ کاروباری ادارہ کی جانب سے پیش اور ووٹ کرنے کے لئے نامزد شخص کے نمونہ کے دستخط اور موثر CNIC کی مصدقہ نقل کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جائے گی۔

## ۵۔ پوسٹل بیلٹ (Postal Ballot) اور ای ووٹنگ (E-Voting):

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') کی جانب سے جاری کردہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن، ۲۰۱۸ میں ترمیم نوٹیفیکیشن، مورخہ ۵ دسمبر ۲۰۲۲ء کے ذریعے جس میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ خصوصی امور کے طور پر درجہ بند کیے گئے تمام اموروں پر ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا حق فراہم کرے۔

اس کے مطابق کمپنی کے ممبران کو ۲۶ ستمبر ۲۰۲۳ء بروز منگل دوپہر ۱:۰۰ بجے منعقد ہونے والے اپنے آئندہ سالانہ جنرل اجلاس میں خصوصی امور کے لیے الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، ضروریات کے مطابق اور مندرجہ بالا ضوابط میں شامل شرائط کے ساتھ۔

ممبران کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپرز کو اس نوٹس کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے اور ڈاؤن لوڈ کے لئے یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.pakistancables.com پر بھی دستیاب ہے۔

## A. ای ووٹنگ (E-Voting) کا طریقہ:

۱) ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کریں گے جن کے درست شناختی کارڈ نمبر سیل نمبر اور ای میل ایڈریس ۱۹ ستمبر ۲۰۲۳ء کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے ممبروں کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

۲) ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے اور CDC پاکستان شیئرز رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروسز پرووائیڈر کے ناطے)، کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو سیکیورٹی کوڈ فراہم کیے جائیں گے۔

۳) ای ووٹنگ (E-Voting) کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

## نوٹس:

### ۱۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی میں شرکت:

سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل کے طور پر شرکت کے خواہشمند حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ۲۴ ستمبر ۲۰۲۳ء کو کاروباری اوقات کیا اختتام تک اپنی تفصیلات اپنا نام، فولیو نمبر، ای میل ایڈریس متعین کردہ ای میل ایڈریس faisal.baig@pakistancables.com یا واٹس ایپ نمبر 923008503969+ پر بھیج کر اپنی رجسٹریشن کو یقینی بنائیں۔ سالانہ اجلاس عام شرکت کے لیے لاگ ان کی اسناد اور زوم لنک رجسٹرڈ حصص یافتگان کو جوابی ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔ پاکستان کیبلز لمیٹڈ اپنے حصص یافتگان، ملازمین، ڈائریکٹرز اور بڑے پیمانے پر عوام کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے تمام قابل اطلاق قوانین کی تعمیل میں اپنی اجلاس عام منعقد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، اور ذمہ داری لیتا ہے اور بڑے اجتماعات سے منسلک خطرات سے بچنے کے لیے حصص یافتگان کو ورچوئل طور پر شرکت کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

ممبران سے گزارش ہے کہ درج ذیل فارمیٹ کے مطابق معلومات فراہم کریں۔

| سیریل نمبر | کمپنی کا نام | فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر | حصص یافتگان کا نام | شناختی کارڈ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | پاکستان کیبلز لمیٹڈ | | | | | |

ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کی تفصیلات ممبران کو ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر بھیجی جائیں گی۔ لاگ ان کی سہولت سالانہ اجلاس عام کے دن دوپہر ۱۲:۳۰ بجے کھولی جائے گی جس سے شرکاء اجلاس میں شامل ہونے سے پہلے شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد کارروائی میں شامل ہوسکیں گے، جو دوپہر ۱:۰۰ بجے شروع ہوگا۔

### ۲۔ کتاب کی بندش

پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کی شیئر ٹرانسفر بکس ۲۰ ستمبر ۲۰۲۳ء سے ۲۶ ستمبر ۲۰۲۳ء تک (بشمول دونوں ایام بند رہینگی)۔ اس دورانیہ میں کسی بھی قسم کی ٹرانسفرز کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ ۱۹ ستمبر ۲۰۲۳ء کو کاروباری اقات کار بند ہونے تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار بنام سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، CDC ہاؤس، ۹۹ - B، بلاک B، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴00، کو موصول ہونے والے باقاعدہ ٹرانسفرز منتقل الیہ کو AGM میں حاضری کے مقصد کی غرض سے بروقت تصور کی جائیں گی۔

### ۳۔ پراکسی

AGM میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی لازماً کمپنی کا رکن ہونا چاہئے۔ AGM کے لئے پراکسی کی لاگو دستاویز اس نوٹس کے ساتھ فراہم کی جا رہی ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.pakistancables.com سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

پراکسی کے تقرر کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے ماتحت اسے سائن کیا گیا ہو یا اس کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع B-21، سائٹ کراچی یا faisal.baig@pakistancables.com پر اجلاس کے انعقاد سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل جمع کرائی جائے۔

۴۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو ۲۶ جنوری، ۲۰۰۰ء کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ مراسلہ 1 میں بیان کردہ ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی:

**A. اجلاس میں شرکت کے لئے:**

(i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہوں، AGM میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کے لئے اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصلی پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

**مزید قرار پایا کہ** جب عام حصص جاری کیے جائیں گے تو ان کے پاس ووٹنگ کے مساوی حقوق ہوں گے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق ہر لحاظ سے / معاملات میں کمپنی کے موجودہ عام حصص کے برابر درجہ دیا جائے گا۔"

"**مزید قرار پایا کہ** مندرجہ ذیل قرارداد پر عمل پیرا ہونے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکیٹو اور کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اس ضمن میں تمام ضروری اور قانونی اقدامات اٹھائیں اور قرارداد کو کو عملی جامہ پہنائیں، مطلوبہ دستاویزات کو رجسٹرار کے پاس داخل کرنے کا اختیار بھی حاصل ہے۔"

کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل ۱۲۵ کی جگہ مندرجہ ذیل قرارداد کے طور پر خصوصی قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر منظور کرنا:

vi. قرار پایا کہ کمپنی ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ ۳۸ اور دیگر تمام قابل اطلاق دفعات کے مطابق، کمپنی کے موجودہ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل ۱۲۵ کو مندرجہ ذیل کے طور پر پڑھا جائے گا:

۱۲۵۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ رقم کے کسی بھی حصے کو وقتی طور پر کسی بھی ریزرو یا نفع و نقصان کے کھاتے میں جمع کرنا یا بصورت دیگر تقسیم کے لیے دستیاب ہونا ضروری ہے، اور اس کے مطابق یہ رقم تقسیم کے لیے مفت رکھی جائے، ان ممبران میں سے جو اس کے حقدار ہوں گے اگر اسے ڈیویڈنڈ کے ذریعے اور اسی تناسب میں تقسیم کیا گیا ہو، اس شرط پر کہ اسے نقد ادا نہ کیا جائے بلکہ مکمل غیر جاری شدہ حصص کی ادائیگی میں بطور بونس حصص یا ڈبینچر لاگو کیا جائے گا، مذکورہ بالا تناسب سے اس طرح اراکین کے درمیان، یا جزوی طور پر ایک طرح سے اور جزوی طور پر دوسرے میں الاٹ اور تقسیم کیا گیا، مکمل ادائیگی کے طور پر جمع کیا گیا، اور ڈائریکٹر اس قرارداد کو نافذ کرے گا۔

"**مزید قرار پایا کہ** مندرجہ ذیل قرارداد پر عمل پیرا ہونے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکیٹو اور کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اس ضمن میں تمام ضروری اور قانونی اقدامات اٹھائیں اور قرارداد کو کو عملی جامہ پہنائیں، مطلوبہ دستاویزات کو رجسٹرار کے پاس داخل کرنے کا اختیار بھی حاصل ہے۔"

**مزید قرار پایا کہ** مندرجہ ذیل کمپنی کے آرٹیکل آ ایسوسی ایشن میں تبدیلی کسی بھی ترمیم، اصلاح، اضافے یا حذف سے مشروط ہوگی جس کی ضرورت ہو، اور ایسی کسی بھی ترمیم، اصلاح، اضافے یا حذف کو اراکین کی نئی منظوری کی ضرورت نہیں ہوگی۔"

## ۳۔ دیگر امور

چیئر کی اجازت سے سالانہ اجلاس عام میں قانونی طور پر زیر بحث لائے جان والے دیگر عمومی امور کو زیر غور لانا۔

بحکم بورڈ

**نتاشا محمد**

قانونی امور کی سربراہ اور کمپنی سیکریٹری

کراچی: ۲۵ اگست ۲۰۲۳ء

TRUSTED NOT TO COMPROMISE

# نوٹس برائے ۷۰واں سالانہ اجلاس عام

نوٹس ہذا سے مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص داران کا ۷۰واں سالانہ اجلاس عام ۲۶ ستمبر ۲۰۲۳ء بروز منگل، اکیوریس (Aquarius) ہال، بیچ لگژری ہوٹل، ایم ٹی خان روڈ، لالہ زار، کراچی ۷۴۰۰۰ میں بوقت ۰۰:۱ بجے دوپہر اور ساتھ ہی میں وڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا۔

## ۱۔ عمومی امور

i. ۴ مئی، ۲۰۲۳ء کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی روئیداد کی توثیق کرنا۔

ii. ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ہمراہ ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو اختتام پذیر سال کے کمپنی کی سالانہ پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کو وصول کرنا، مدنظر رکھنا اور اپنانا۔

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۲۲۳(۷) اور ایس آر او نمبر ۳۸۹(آئی)/۲۰۲۳ء کے مطابق ۲۱ مارچ، ۲۰۲۳ء کو کمپنی کے مالیاتی اسٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں، جنہیں درج ذیل لنک اور کیو آر فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

https://www.pakistancables.com/media/21363/pcl-final-ar-2023.pdf

iii. آئندہ برس کے لئے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ۳۰ جون ۲۰۲۴ء کو اختتام پذیر سال کے لئے ان کا مشاہیرہ طے کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہو چکے ہیں اور اہل ہونے کی بنا پر اپنی دوبارہ تقرری کی پیشکش کرتے ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹر، بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش کی بنیاد پر، آئندہ برس کے لئے اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی کی بطور آڈیٹر تقرری کی سفارش کرتا ہے۔

iv. ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو اختتام پذیر سال کے لئے پہلے سے اعلان شدہ اور جاری شدہ پہلے عبوری بونس شیئرز کا اجراء بحساب ۱۰ فی صد (ہر ۱۰۰ حصص پر ۱۰ بونس حصص) کے علاوہ دوسرے عبوری بونس حصص کا اجراء بحساب ۱۰ فی صد (ہر ۱۰۰ حصص پر ۱۰ بونس حصص) کی توثیق کرنا۔

## ۲۔ خصوصی امور

v. مندرجہ ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر منظور کرنا:

"یہ قرار پایا کہ کمپنی کے مجاز حصص کا سرمایہ 500,000,000 روپے (پانچ سو ملین)، کو جو کہ منقسم ہے دس روپے والے 50,000,000 (پچاس ملین) حصص میں، بڑھا کر 1,000,000,000 (ایک بلین) میں، جو کہ منقسم ہے دس روپے والے 100,000,000 (ایک سو ملین) حصص میں، کر دیا جائے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کے کلاز نمبر 5 کو مندرجہ ذیل نئی کلاز میں تبدیل کر دیا جائے۔

5۔ کمپنی کا سرمایہ 1,000,000,000 (ایک بلین)، کو جو کہ منقسم ہے دس روپے والے 100,000,000 (ایک سو ملین) حصص میں، لیکن اسے کمپنی کے قواعد اور قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بڑھایا گھٹایا جاسکتا ہے۔